★★★★ اَلَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ: جس نے قلم سے لکھنا سکھایا (القرآن) ★★★★

ABC Certified
سرگودھا، رحیم یارخان اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت اردو اخبار

dailywafadsgd1@gmail.com
www.dailywafad.com

اعلیٰ صحافتی اقدار کا علمبردار

DAILY WAFAD SARGODHA

روزنامہ وفد سرگودھا

چیف ایڈیٹر: میاں محمد شوکت

جلد نمبر: 11 | جمعرات 29 رجب المرجب 1446ھ، 30 جنوری 2025ء، 17 مگھر 2081ب، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 157

انچارج وفاقی محتسب سرگودھا مشتاق احمد اعوان کی کھلی کچہری

عوام کی شکایات سُن کر موقع پر ہی ریلیف دلوا کر عوام کے مسائل حل کیے گئے

سرگودھا (بیورو رپورٹ) انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا مشتاق احمد اعوان نے ضلع کونسل جوہرآباد کے کمیٹی روم میں کھلی کچہری لگائی جس میں وفاقی محکموں کے خلاف عوام کی شکایات سُن کر موقع پر ہی ریلیف دلوا کر عوام کے مسائل حل کیے گئے بہت سے لوگ میانوالی کالا باغ اور خوشاب سے اپنے مسائل کیلیے آے تھے۔ زیادہ تر شکایات فیسکو؛ سوئی گیس، پوسٹ آفس، پاسپورٹ، سی ایم اے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی تھیں۔ بیشتر محکموں کے ضلعی ہیڈ موجود تھے پریس اور میڈیا کے نمائندے بھی موجود تھے۔ میڈیا کی جانب سے آگاہی پروگرام کی وجہ سے دور دراز علاقوں سے عوام پہنچی ہوی تھی۔ بیشتر سائلین کی شکایات موقع پر ازالہ کر دیا گیا۔ یاد رھے یہ کھلی کچہری ضلع کونسل جوہرآباد کے کمیٹی روم میں منعقد کی گی۔ اسی دوران گروپ انشورنس کے سائلین جن کے پچھلے تین چار سال سے گروپ انشورنس کی رقم نہیں مل رہی تھی ان کو جوہرآباد آفس میں تقریبا 20 لاکھ کے رقم کے چیک دیے گئے۔ انچارج وفاقی محتسب مشتاق احمد اعوان سرگودھا ریجن نے 12 سے 1 بجے ریڈیو ایف ایم 94 خوشاب پر آگاہی پروگرام انصاف آپکی دہلیز پر میں شرکت کی اور لائیو کالرز کو بھی اُنکے سوالات کے جواب دیے۔



انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا مشتاق احمد اعوان کھلی کچہری میں عوامی مسائل سن رہے ہیں